# ملازمت کے مواقع

## 10.2 میگاواٹ جبوڑی ہائیڈرو پاور اسٹیشن ضلع مانسہرہ
## پختونخواہ انرجی ڈویلپمنٹ اور گنائزیشن (PEDO) حکومت خیبر پختونخواہ پاکستان

10.2 میگاواٹ جبوڑی ہائیڈرو پاور اسٹیشن ڈسٹرکٹ مانسہرہ میں خالی آسامیوں پر مستقل بنیادوں پر تقرریوں کے لیئے ضلع مانسہرہ، خیبر پختونخوا کا ڈومیسائل رکھنے والے اہل اُمیدواروں سے درخواست طلب کی جاتی ہیں۔

| نمبر شمار | اسامی | تعداد اسامی | مطلوبہ قابلیت، تجربہ، حد عمر، کوٹہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈرائیور (BPS-6) | 06 | مڈل پاس<br>درست LTV یا HTV ڈرائیونگ لائسنس یافتہ<br>متعلقہ فیلڈ میں تجربہ کے حامل افراد کو ترجیح دی جائے گی<br>عمر کی حد 40 سال تک |
| 2 | خادم مسجد (BPS-6) | 01 | وفاق المدارس سند یا حفظ سرٹیفکیٹ<br>عمر کی حد 40 سال تک |
| 3 | اسسٹنٹ اسٹیشن انٹینڈنٹ (BPS-6) | 04 | میٹرک فرسٹ ڈویژن یا متعلقہ تسلیم شدہ بورڈ سے مساوی تعلیم<br>متعلقہ فیلڈ میں کم سے کم 02 سال تجربہ کے حامل افراد کو ترجیح دی جائے گی<br>عمر کی حد 30 سال تک |
| 4 | نائب قاصد (BPS-3) | 02 | میٹرک یا متعلقہ تسلیم شدہ بورڈ سے مساوی تعلیم<br>متعلقہ فیلڈ میں تجربہ کے حامل افراد کو ترجیح دی جائے گی<br>عمر کی حد 40 سال تک |
| 5 | مس انٹینڈنٹ (BPS-3) | 02 | ترجیحا پڑھا لکھا<br>عمر کی حد 40 سال تک |
| 6 | کک (BPS-3) | 01 | ترجیحا پڑھا لکھا<br>عمر کی حد 40 سال تک |
| 7 | مالی (BPS-3) | 02 | ترجیحا پڑھا لکھا<br>عمر کی حد 40 سال تک |
| 8 | سیویر (BPS-3) | 02 | ترجیحا پڑھا لکھا<br>عمر کی حد 40 سال تک۔ |

**شرائط و ضوابط!**

1 درخواست دہندہ گان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ PEDO ویب سائٹ کے جاب سیکشن یعنی www.pedokp.gov.pk اور ریزیڈنٹ انجینئر کے دفتر میں دستیاب PEDO درخواست گزار ڈیٹا فارم کو بھرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

2 PEDO درخواست دہندہ گان کے ڈیٹا فارم کو مکمل طور پر پُر وار دستخط شدہ تمام دستاویزات کی تصدیق شدہ کاپیوں کے ساتھ، تجربے کے سرٹیفکیٹس، اپ ڈیٹ شدہ CV، CNIC کی کاپی، 02 پاسپورٹ سائز کی تصاویر اور دیگر تمام معاون دستاویزات ریزیڈنٹ انجینئر 10.2 میگاواٹ جبوڑی ہائیڈرو پاور اسٹیشن کو مورخہ 15/10/2025 سے تک یا قبل ارسال کریں۔

3 PEDO درخواست گزار کا ڈیٹا فارم معہ دستاویزات رجسٹرڈ کوریئر کمپنی کے ذریعے یا بذاتِ خود دیئے گئے پتے پر جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواست اور نامکمل معلومات اور شہادتوں کی کمی پر غور نہیں کیا جائے گا۔

4 بغیر کلیم تعلیم و تجربہ قابل قبول/شمار نہیں کیا جائے گا، نیز کلیم تعلیم و تجربہ معاون دستاویزات کے بغیر قبول/شمار نہیں کیا جائیگا۔

5 ہر پوسٹ کے لیئے ہر لحاظ سے مکمل علیحدہ درخواست دینا ہوگی اور سحیکٹ/لفافہ پر پوسٹ کا نام واضح ہونا چاہیے۔

6 صرف اہل/شارٹ لسٹ شدہ اُمیدواروں کو انٹرویو کے لیئے بلایا جائیگا، شارٹ لسٹنگ PEDO ریگولیشنز 2024ء میں سلیکشن کے معیار کی بنیاد پر کی جائے گی۔

7 سرکاری/نیم سرکاری ملازمین اپنی درخواست بذریعہ پراپر چینل ارسال کریں۔

8 درخواست دہندگان کے پاس ضلع مانسہرہ خیبر پختونخواہ کا ڈومیسائل ہونا چاہیے، خواتین، اقلیتی، معذور ٹرانس جینڈر اور دیگر کوٹوں کو میرٹ کے ساتھ مشروط عہدہ

CS CamScanner

اور موزوں اُمیدوار کی دستیابی پر رکھا جائے گا۔

9 PEDO بھرتی کے عمل کے دوران کسی بھی وقت پوسٹوں کی تعداد میں اضافہ یا کمی یا کسی بھی/تمام پوسٹوں کو منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

10 PEDO ریگولیشنز 2024ء کے ضوابط 10 کے مطابق مجاز اتھارٹی/فورم کے ذریعے اہل اُمیدواروں کو عمر میں دس 10 سال تک کی چھوٹ دی جاسکتی ہے۔

11 پراجیکٹ کے متاثرین کو اصول وضوابط کے مطابق اہلیت کے تمام معیارات پر پورا اترنے پر مشروط ترجیح دی جائے گی۔

12 کوئی بھی اُمیدوار جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر بھرتی اور انتخاب کے عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اُسے نا اہل قرار دیا جائے گا۔

13 اُمیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درخواست فارم بھرتے وقت درست معلومات کا اندراج کریں، درخواست اور دستاویزات جمع کرانے کے دوان ڈومیسائل یا عمر یا اہلیت یا تجربے سمیت غلط معلومات کا ذکر کرنے والے اُمیدواروں کو حقائق کو مخفی قرار دیا جائے گا اور بھرتی اور انتخاب کے عمل کے کسی بھی مرحلے پر سختی سے باہر کر دیا جائے گا۔

14 ٹیسٹ انٹرویو کے لیئے کوئی TA/DA قابل قبول نہیں ہوگا۔

15 بھرتی اور انتخاب کے عمل سے متعلق معلومات بشمول انٹرویو اپ ڈیٹس PEDO کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جائیں گی، اُمیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بھرتی اور انتخاب کے حوالے سے ایسی کسی بھی معلومات اور اُس تاریخ کے لیئے PEDO کی ویب سائٹ یعنی http://www.pedo.pk کو کثرت سے دیکھیں۔

16 غلطیاں/کوتاہیاں اصلاح سے مشروط ہیں۔

(ریزیڈنٹ انجینئر)

10.2MW جبوڑی ہائیڈرو پاور اسٹیشن مانسہرہ

ایڈریس: گاؤں اینڈ ڈاکخانہ جبوڑی تحصیل بفہ پکھل

ضلع مانسہرہ